17-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سالانہ سرمائی تعطیلات کے ضمن میں آج حیدرآباد پہنچیں اور دوپہر میں سکندرآباد بولارم میں واقع راشٹرپتی نیلائم پہنچی۔

۲۔ریاست میں گرام پنچایت کے انتخابات آج تیسرے مرحلہ کی پولنگ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئے۔ اس مہینہ کی 22 تاریخ کو نئے منتخب سرپنچ اور وارڈ ممبرس اپنے عہدہ کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔

۳۔ارکانِ اسمبلی کے نااہلی کے معاملہ میں داخل ہونے والی پٹیشن پر تلنگانہ کے اسپیکر پرسادکمار نے آج فیصلہ جاری کیا۔

اور

۴۔ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے ملک میں پیدا ہونے والی ہلدی کو عالمی مارکٹ میں مسابقت والے مقام تک لے جانے کیلئے کوشش کرنے پر دیا زور۔

davos

سوئزرلینڈ کے ڈاوس میں جنوری 2026ء میں منعقد ہونے والے عالمی اکنامک کانفرنس میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی شرکت کریں گے۔ ہندوستان سے 8 اہم شخصیات اس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ اس کانفرنس میں 60 ممالک کے حکومت کے نمائندے اور 130 ممالک سے تعلق رکھنے والے تین ہزار سے زائد عالمی سطح کے قائدین اور کمپنیوں کے قائدین شرکت کریں گے۔

## Changes

سنگارینی ادارے کے انچارج چیرمین ومنیجنگ ڈائرکٹر سی ایم ڈی کے طور پر سینئر آئی اے ایس عہدیدار کرشنا بھاسکر کا تقرر کرتے ہوئے ریاست کے محکمہ ایندھن نے کل احکامات جاری کئے ہیں۔فی الوقت وہ ٹرانسکو سی ایم ڈی اور نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا کے خصوصی سکریٹری کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ان کو سنگارینی کی اضافی ذمہ داری دی گئی ہے۔حکومت نے کہا کہ آئندہ نئے احکامات جاری کرنے تک وہ اس عہدے پر فائز رہیں گے۔اب تک انچارج سی ایم ڈی کے طور پر رہنے والے بالا رام کو اس ذمہ داری سے ریلیو کرتے ہوئے مرکزی حکومت کو رپورٹ کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

## President

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج حکیم پیٹ کے ایرپورٹ پہنچیں۔جنوبی ہند کے سالانہ دورہ کے ضمن میں صدر جمہوریہ آندھراپردیش کے تروپتی سے حیدرآباد آئیں۔سکندرآباد بولارم میں واقع راشٹرپتی نیلائم گئیں۔اس مہینہ کی 22 تاریخ تک یعنی آئندہ 6 دنوں تک وہ راشٹرپتی نیلائم میں قیام کریں گی۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 19 دسمبر کو ریاستوں کے پبلک سرویس کمیشنوں کے چیرپرسنس کے قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔اس کے علاوہ اس مہینہ کی 20 تاریخ کو کچی باؤلی میں برہما کماریوں کی جانب سے منعقد کئے جانے والے ایک پروگرام میں شرکت کریں گی۔

صدر جمہوریہ کی آمد کے موقع پر تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما، نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا اور پروٹوکال کی منسٹر سیتااکا، ریاستی چیف سکریٹری کے راما کرشنا راؤ، ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے حکیم پیٹ ایرپورٹ پر صدر جمہوریہ کا شاندار استقبال کیا۔اس موقع پر مسلح افواج کے اعلیٰ عہدیداروں اور دیگر سینئر قائدین بھی موجود تھے۔

Train

سنکرانتی تہوار کے موقع پر عوام کے ہجوم کو مدنظر رکھتے ہوئے ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے 16 خصوصی ٹرینیں چلانے کا اعلان کیا۔ کاچی گوڑہ وجئے واڑہ کے درمیان یہ خصوصی ٹرینیں آنے والے ماہ کی 9 تاریخ سے 19 تاریخ تک چلائی جائیں گی۔ مسافرین کی سہولت کیلئے یہ فیصلہ لینے کا ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے اعلان کیا۔

TET

ریاستِ تلنگانہ میں ٹیٹ امتحان آنے والے ماہ کی 3 تاریخ سے 20 تاریخ تک 9 دن منعقد ہوگا۔ اس ضمن میں محکمہ اسکول کے تعلیمات کے عہدیداروں نے اس کا شیڈول کل جاری کیا ہے۔ جنوری 3،4،5،6،8،9،11،19 اور 20 جنوری کو امتحانات ہوں گے۔ صبح 9 بجے سے ساڑھے گیارہ بجے تک اور دوپہر میں دو بجے سے ساڑھے چار بجے تک آن لائن امتحانات منعقد ہوں گے۔ پیپر 1 اور پیپر 2 کیلئے جملہ دولاکھ سے زائد امیدوار اس کے لئے درخواست دے چکے ہیں۔ امیدوار اس مہینہ کی 27 تاریخ سے ہال ٹکٹ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

Metro

ریاست کے چیف سکریٹری کے راما کرشنا راؤ نے ایل اینڈ ٹی ادارہ کی جانب سے چلائے جانے والے حیدرآباد میٹرو ریل کو حکومت کی تحویل میں لینے کی کارروائی کو آئندہ مارچ تک مکمل کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ بیگم پیٹ میں واقع میٹرو ریل کے دفتر میں کل منعقد ہوئے اعلیٰ سطحی اجلاس میں حکومت کے سکریٹریز سطح کی کمیٹی ایل اینڈ ٹی کے عہدیداروں کے ساتھ چیف سکریٹری نے جائزہ لیا۔ دوطرفہ معاہدوں کے مطابق اس کارروائی کو تیزی کے ساتھ مکمل کرنے کمیٹی کو ہدایت دی۔

Weather

آئندہ تین دنوں تک ریاست کے بعض مقامات میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے دو ڈگری تا تین ڈگری کم ہونے کا محکمہ موسمیات نے اس کا انکشاف کیا ہے۔

DGP

ریاست میں تیسرے مرحلہ کے گرام پنچایت انتخابات کیلئے آج ووٹنگ ہوئی۔ ریاستی چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ، ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے الیکشن کمیشن کے دفتر میں قائم کئے گئے ویب کاسٹنگ کے ذریعہ ریاستی الیکشن کمشنر رانی کمودنی کے ساتھ پولنگ کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف سکریٹری نے بات کرتے ہوئے کہا کہ آنے والے انتخابات میں ویب کاسٹنگ ٹکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے انتخابات کو مزید بہتر اور شفاف بنانے کے اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات میں ٹکنالوجی کے استعمال سے گاؤں میں امن وامان کا مسئلہ حل ہوجائے گا اور اس کے ذریعہ عوام کے اعتماد میں اضافہ ہوتے ہوئے پولنگ فیصد میں اضافہ ہونے کے امکانات ہیں۔

Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے کہا کہ مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار اسکیم کے نام کی تبدیلی پر کانگریس غیرضروری طور پر مسئلہ بنارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اصل MGNREGA اسکیم منسوخ نہیں ہوئی ہے۔ بابائے قوم مہاتما گاندھی کی جانب سے دیکھے گئے گراما سوراجیم اور ہندوستانی تہذیب میں شامل راما راجیم کے طور پر دیہاتوں کی ترقی کیلئے مرکزی حکومت وکست بھارت 2047ء کے مقصد کے تحت وکست بھارت گیارنٹی فار روزگار اینڈ آجی ویکا مشن 2025ء کو لائی ہے۔

Turmeric

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے آج حیدرآباد کے سی سی آئی میں منعقدہ کئے گئے تلنگانہ اور قومی ہلدی بورڈ کی جانب سے مشترکہ طور پر منعقد کئے گئے ٹرمیرک ویالو چیان سمٹ 2025ء میں شرکت کی۔ اس موقع پر ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے ملک میں پیدا ہونے والی ہلدی کو عالمی مارکٹ میں مسابقت والے مقام تک لے جانے کیلئے کوشش کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے حال ہی میں ریاستی حکومت کی جانب سے منعقد کئے گئے تلنگانہ گلوبل سمٹ میں Agri Vision 2047 کو جاری کئے گئے امور کو بھی یاد دلایا۔ اس ویژن میں زراعت کو صرف فلاحی شعبہ کے طور پر ہی نہیں بلکہ ریاست کی معاشی ترقی کے ایک اہم انجن کے طور پر دیکھنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے Agri Vision میں ہلدی کا بھی ایک اہم مقام ہے۔

Polling Complete

ریاست میں گرام پنچایت کے انتخابات آج تیسرے مرحلہ کی پولنگ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئے۔ دوپہر دو بجے سے شروع ہونے والی ووٹوں کی گنتی ابھی بھی جاری ہے۔ گنتی مکمل ہونے کے بعد نتائج کا اعلان بھی کیا جارہا ہے۔ نتائج کے اعلان کے ساتھ ہی نائب سرپنچ کیلئے بھی انتخاب ہوگا۔ تین مرحلوں کے انتخابات کیلئے پولنگ بیالٹ پیپروں کے ذریعہ ہوئی ہے۔ ریاست کے 31 اضلاع میں 564 منڈلوں میں 12 ہزار 728 پنچایت ایک لاکھ 12 ہزار 242 وارڈوں کے انتخاب کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا۔

## Holi

ہولی تہوار کے ضمن میں آئندہ مارچ کی تین تاریخ کو منعقد ہونے والے انٹرمیڈیٹ سال دوم کے سالانہ امتحان کو مارچ 4 تاریخ کیلئے تبدیل کیا گیا ہے۔ یہ بات انٹرمیڈیٹ بورڈ کے سکریٹری کرشنا آدتیہ نے بتائی۔انہوں نے تبدیل کئے گئے شیڈول کو کل جاری کیا۔حال ہی میں حکومت کی جانب سے مارچ تین تاریخ کو ہولی تہوار کی تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔اس ضمن میں اس میں تبدیلی کی گئی ہے۔

## Appointed Day

ریاست میں نئے منتخب ہونے والے سرپنچوں کا اَپائنٹ ڈے اس مہینہ کی 22 تاریخ کو ہوگا۔ ریاست بھر میں 22 تاریخ کو نئے منتخب سرپنچ اپنے عہدوں کی ذمہ داری سنبھال لیں گے۔محکمہ پنچایت راج نے یہ فیصلہ لیا ہے۔ پہلے اس مہینہ کی 22 تاریخ کو اس پروگرام کو منعقد کرنے کا فیصلہ لیا گیا تھا لیکن بعض عوامی نمائندوں کی اپیل پر محکمہ پنچایت راج نے یہ فیصلہ لینے کا اعلان کیا۔

## Speaker

پارٹی سے انحراف پر پانچ ارکان اسمبلی کے نااہلی کے معاملہ میں داخل ہونے والی پٹیشن کو اسپیکر پرسادکمار نے خارج کردیا۔اسپیکر نے کہا کہ پارٹی سے انحراف کے معاملہ میں پانچ ارکانِ اسمبلی پر کسی قسم کا ثبوت نہیں ہے۔ بی آر ایس کی جانب سے انتخابات میں حصہ لیتے ہوئے کامیابی حاصل کرنے والے بعض ارکانِ اسمبلی کے انحراف پر بی آر ایس نے پٹیشن داخل کی تھی اور بی آر ایس نے ان کو نااہل قرار دینے کا مطالبہ کیا تھا۔اس پٹیشن کی سماعت کے بعد اسپیکر نے کہا کہ ایک پارٹی سے دوسری پارٹی میں انحراف کرنے کے معاملہ میں کوئی ثبوت دستیاب نہیں ہے، اس لئے ان ارکانِ اسمبلی کو نااہل قرار دینا ممکن نہیں ہے۔ارکانِ اسمبلی آر کے گاندھی، بی کرشنا موہن ریڈی، ٹی وینکٹ

راؤ، جی مہی پال ریڈی اور پرکاش گوڑ پر داخل ہونے والی نااہلی کے پٹیشن کو اسپیکر نے خارج کردیا جبکہ مزید پانچ ارکانِ اسمبلی کڈیم سری ہری، دانم ناگیندر، ڈاکٹر سنجے، کالے یادیا، پوچارم سرینواس ریڈی پر داخل ہونے والی پٹیشن پر اسپیکر نے ابھی کوئی فیصلہ نہیں سنایا۔

○○